ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458

CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW

CJSSR

CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW

Vol.03 No.02 (2025)

سیرت نگاری: مسلمانوں کی علمی و تحقیقی روایت کا تسلسل

BIOGRAPHY: CONTINUATION OF THE MUSLIM SCHOLARLY AND RESEARCH TRADITION

Dr. Abdul Rahman
A. Lecturer Department of Islamic Studies
University of Gujrat, Gujrat Pakistan
Email: Onlyimran210@gmail.com
Dr. Khubaib Ur Rehman
Lecturer. Department of Islamic Studies
Government Allama Iqbal Graduate College, Paris Road Sialkot
Email: Khubaibrehman223@gmail.com

ABSTRACT:
The services of Muslims are of great value. For this reason, every person considers it a matter of pride for himself to record the circumstances of the life of the Prophet of the time. Among the Arabs, describing the virtues and virtues of strong heroes was their most beloved pastime, and they were excellent at this. The Prophet (peace and blessings of Allaah be upon him) also liked to listen to good poems and golden deeds of the era of ignorance and often smiled after listening to them. During the era of the Companions, the study of Seerah began with Maghazi, as if Maghazi was considered Seerah, in which the battles of the Prophet (peace and blessings of Allaah be upon him) were mentioned. As Abdullah ibn Abbas (may Allaah be pleased with him) relates, I used to ask the great Muhajireen and Ansar companions about the Maghazi of the Messenger of Allaah (peace and blessings of Allaah be upon him). The Companions (may Allaah be pleased with them) also had a broad and broad view of other aspects of the Prophet's (peace and blessings of Allaah be upon him) life, apart from Maghazi, and they would pass them on to the people with honesty. With the passage of time, historians started writing books on the biography regularly, initially with anecdotes, then later detailed events were recorded, then there was a time when a thematic work was done on the biography of the Prophet (peace be upon him). The books of biography were translated from Arabic into other languages, Urdu is a specialty of the language, hardly any other language has such a detailed work that covers every aspect of the biography. This is evidence that Muslims have a deep love for studying the biography of the Prophet (peace be upon him) and they also have a deep understanding of it.

KEYWORDS: *Seerah, Maghazi, Biography, Historians, Language.*

مسلمانوں کی خدمات گراں قدر ہیں۔ اس کے لیے ہر انسان اپنے لیے اس چیز کو فخر سمجھتا ہے کہ پیغمبر الزماں ﷺ کی زندگی کے حالات قلمبند کرے۔ عرب لوگوں کے ہاں قوی ہیروز کے مفاخر و محاسن بیان کرنا ان کا محبوب ترین مشغلہ تھا وہ اس چیز میں کمال درجہ کی مہارت رکھتے تھے، نبی اکرم ﷺ بھی زمانہ جاہلیت کے اچھے اشعار اور سنہری کارناموں کو سننا پسند کرتے تھے اور بسا اوقات ان کو سن کر مسکراتے تھے۔

دورِ صحابہ میں مطالعہ سیرت کا آغاز مغازی سے ہوا، گویا کہ مغازی کو سیرت سمجھا جاتا، اس میں نبی اکرم ﷺ کے غزوات کا تذکرہ ہوتا جیسے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں میں اکابر مہاجر اور انصار صحابہ سے رسول اللہ ﷺ کے مغازی کے متعلق سوال کرتا تھا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہاں مغازی کے علاوہ نبی اکرم ﷺ کے سیرت کے دیگر پہلو پر بھی وسیع و عریض نظر تھی اور ان کو آگے لوگوں تک دیانت داری کے ساتھ منتقل کرتے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مؤرخین نے سیرت پر باقاعدہ طور پر کتب لکھنا شروع کیں، ابتدا مغازی سے ہوئی پھر بعد میں مفصل حالات قلمبند کیے گئے، پھر ایک وقت ایسا بھی آیا کہ سیرت النبی ﷺ پر موضوعاتی کام کیا گیا۔ کتب سیرت کے تراجم ہوئے عربی سے دیگر زبانوں میں، اردو زبان کا خاصہ ہے شاید ہی کسی دوسری زبان میں اس قدر تفصیلی کام ہو کہ جس میں سیرت کے ہر ہر پہلو کا احاطہ کیا جائے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مسلمانوں

کو مطالعہ سیرت النبی ﷺ سے گہری محبت کے ساتھ وہ اس میں گہری وسعت بھی رکھتے ہیں۔

مسلمانوں کے ہاں مطالعہ سیرت النبی ﷺ کی تاریخ

بیان سیرت عرب کی قدیم روایت:

یہاں جس شخصیت کی سیرت کا مطالعہ مطلوب ہے، وہ پیغمبر آخر الزمان ﷺ کی ہستی ہے۔ آپ ﷺ کی بعثت عرب قوم میں ہوئی، قوت حافظہ میں کوئی ان کا ثانی نہیں۔ زمانہ ماضی کے عمدہ واقعات کو یاد رکھنا، خاندان آباءواجداد اور قومی ہیروز کے مفاخر و محاسن کو بیان کرنا عرب قوم کا محبوب ترین مشغلہ تھا۔ وہ قصائد واشعار اور قصص کے ذریعے سے جودو سخاوت، ایفائے عہد، میزبانی، شجاعت اور دیگر داستانوں کو آنے والی نسلوں کو بڑے فخریہ انداز سے سناتے تھے۔ رات ہوتے ہی یہ لوگ قصہ گوئی کے لئے جمع ہو جاتے، محلہ وقبیلہ کے بچے، جوان، بوڑھے، عورتیں سبھی ذوق وشوق سے ان باتوں کو سنتے۔ زیادہ تر ان قصص کا موضوع جنگ، بہادروں کی شجاعت، دلیروں کے کارناموں اور تاریخی واقعات پر مبنی ہوتا۔ قصہ گو اس قدر ماہر ہوتے جب چاہتے لوگوں کے رجحانات کو محبت سے جذبہ انتقام کی طرف، ہنسی مذاق سے متانت وسنجیدگی کی طرف بدل دیتے۔ یہ ان کی کمال مہارت کی دلیل تھی۔ عرب لوگوں کو ماضی کی داستانیں، کہاوتیں سننے کا بہت شوق تھا۔ واعظ ایک ہی جگہ کھڑے ہو کر کافی دیر تک وعظ کرتا، شعر اور کہاوتیں بیان کرتا اور لوگ اس چیز سے بہت ہی متاثر ہوتے۔ جیسا کہ جاحظ "البیان والتبیین" میں لکھتے ہیں:

وقد كان الرجل من العرب يقف الموقف فيرسل عدة امثال سائرة ولم يكن الناس جميعا يتمثلوا بها الا لما فيها من الرفق والانتفاع[1]

"اور عرب کا کوئی شخص جب تقریر کرنے کے لئے کھڑا ہوتا تو متعدد کہاوتیں بیان کرتا، اور وہی کہاتیں بیان کی جاتیں جن میں تمام لوگوں کے لئے نفع اور نصیحت ہوتی۔"

بسا اوقات شعراء مشہور شخصیات کی اپنے اشعار کے ذریعے مدح سرائی کرتے، جیسا کہ قیس بن عاصم کے بارے میں عبدۃ بن الطبیب نے یہ شعر کہا ہے:

وما كان قيس هلكه هلك واحد ولكنه بنيان قوم تهدما[2]

" قیس کی موت ایک شخص کی موت نہیں ہے، بلکہ پوری قوم کی عمارت منہدم ہو گئی ہے۔"

ان تمام باتوں سے یہ چیز ثابت ہوئی کہ بیان سیرت عرب کا عظیم مشغلہ تھا۔ وہ نثر میں یا اشعار میں اپنے بڑوں کی مدح سرائی کرتے تھے اور ان کی سیرت و کردار کو اپنے لئے باعث فخر سمجھتے۔

عہد نبوی میں دور جاہلیت کے کارناموں کا تذکرہ:

زمانہ جاہلیت کے اچھے کارناموں اور معرکوں کا ذکر خیر نبی اکرم ﷺ کی مجالس میں بھی کیا جاتا تھا۔ خود اللہ کے رسول ﷺ بھی اس چیز کا تذکرہ فرماتے۔ جیسا کہ حلف الفضول کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

لقد شهدت في دار عبد الله بن جدعان حلفا ما احب ان لي به حمر النعم ولو ادعى به في الاسلام لاجبت[3]

"میں عبد اللہ بن جدعان کے گھر میں جو معاہدہ ہوا تھا اس میں شریک تھا، مجھے اس کے مقابلے میں سرخ اونٹ بھی دیئے جائیں مجھے یہ پسند نہیں۔ اور اگر مجھے حالت اسلام میں اس معاہدے کی طرف دوبارہ بلایا جائے تو میں اس کو ضرور قبول کروں گا۔"

اسی طرح جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں

شهدت النبي ﷺ اكثر من مائة مرة في المسجد واصحابه يتذاكرون الشعر واشياء من امر الجاهلية فربما تبسم معهم[4]

---

[1] الجاحظ، ابو عثمان عمرو بن بحر بن محبوب الکنانی بالولاء اللیثی، البیان والتبیین، دار مکتبۃ الھلال، بیروت-لبنان، ج1، ص 226

[2] ضیف، الدکتور شوقی، تاریخ الادب العربی، دار المعارف-مصر، الطبعۃ الاولی، 1960ھ، ج1، ص414

[3] ابن ہشام، ابو محمد جمال الدین عبد الملک الحمیری المعافری، السیرۃ النبویۃ، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفی البابی الحلبی واولادہ بمصر-القاہرۃ، الطبعۃ الثانیۃ، 1375ھ-1955م، ج1، ص134

[4] مسند الامام احمد بن حنبل، مسند جابر بن سمرۃ السوائی، ح20853، ج34، ص436

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.02 (2025)

"میں سو سے بھی زیادہ مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی مجلس میں مسجد میں حاضر تھا، اور آپ ﷺ کے صحابہ شعر کا ذکر کرتے اور جاہلیت کی کچھ چیزوں کا تذکرہ کرتے۔ بسا اوقات آپ ﷺ ان کے ساتھ مسکراتے۔"

ان سب دلائل سے یہ چیز واضح ہوئی کہ بیان سیرت عرب لوگوں کی قدیم روایت تھی اور گاہے بگاہے اچھے لوگوں اور اچھے کارناموں کا تذکرہ وہ اپنی مجالس میں کرتے، عہد نبوی میں بھی اس چیز کا اظہار کیا جاتا، یہ سب کچھ حافظے کی بنیاد پر تھا۔ یہی سلسلہ پھر آگے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منتقل ہوا۔ ان کے ذریعے سے اللہ رب العزت کی طرف سے رسول اکرم ﷺ جیسی شخصیت کی سیرت کو محفوظ کیا گیا۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ کی ذات ایسی ہے جس سے انسان ہر قسم کی رہنمائی حاصل کر سکتا ہے۔ تقاضا یہ ہے کہ قیامت تک آنے والے لوگ اسوہ رسول سے رہنمائی لیں۔ کمال ہے اصحاب رسول ﷺ کی محنت کہ جنہوں نے رسول اکرم ﷺ کی زندگی کے ہر گوشے کو نہ صرف محفوظ کیا بلکہ امت تک پوری دیانت وامانت سے اس کو پہنچایا، اور اسلام کی ترقی، تحفظ اور اس کی سربلندی کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

مطالعہ سیرت کے مختلف ادوار:

مطالعہ سیرت عہد صحابہ میں:

عہد صحابہ یا اولین تابعین کے دور میں سیرت کی بجائے مغازی کا لفظ بولا جاتا تھا۔ پہلے پہل علم حدیث اور علم مغازی تقریبا ایک ہی علم تھا۔ احادیث کی کتابوں میں "کتاب المغازی" کے نام سے ایک مکمل باب ہوتا۔ پھر بعد میں مغازی میں اور موضوعات بھی شامل کئے گئے، جن کو مکمل طور پر علم سیرت کا نام دیا گیا۔

صحابہ کرام کا علم مغازی کو سیکھنا:

صحابہ کرام کے اندر علم مغازی کے سیکھنے کا بہت جذبہ تھا، جیسے کہ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما خود ہی بیان فرماتے

كنت الزم الاكابر من اصحاب رسول اللهﷺ من المهاجرين والانصار فاسالهم عن مغازي رسول اللهﷺ[5]

"میں اکابر مہاجرین اور انصار جو رسول اللہ ﷺ کے اصحاب تھے، ان کے ساتھ چمٹا رہتا تو ان سے رسول اللہ ﷺ کے مغازی کے متعلق سوال کرتا۔"

جناب ابن عباس رضی اللہ عنہ کا مغازی کے متعلق علم حاصل کرنا ان کا علم سیرت کے حصول کے شوق پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح جناب زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے غزوات نبی ﷺ کی تعداد پوچھی گئی اور سب سے پہلے غزوہ کے بارے میں پوچھا گیا۔[6]

گویا کہ ابتدائی دور میں سیر و مغازی کو بیان کیا جاتا تھا اور سیکھنے والے اس کو شوق سے سیکھتے اور ایک دوسرے سے اس کے بارے میں معلومات حاصل کرتے۔

صحابہ کرام کا علم مغازی کو بیان کرنا:

صحابہ کرام مغازی کا ذکر کرتے اور لوگوں کو آگے سکھاتے تھے۔ جیسے سائب بن یزید بیان فرماتے ہیں:

صحبت طلحة بن عبيد الله وسعدا والمقداد بن الاسود وعبدالرحمان بن عوف فما سمعت احدا منهم يحدث عن رسول اللهﷺ الا ابي سمعت طلحة يحدث عن يوم احد[7]

"میں عبد الرحمان بن عوف، طلحہ بن عبید اللہ، سعد اور مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہم کی صحبت میں رہا ہوں لیکن ان کو رسول اللہ ﷺ سے بیان کرتے نہیں سنا بجز اس کے کہ میں نے طلحہ بن عبید اللہ کو غزوہ احد کے بارے میں بیان کرتے ہوئے سنا۔"

سعد بن ابی وقاص، عبد اللہ بن عباس، براء بن عازب، سعید بن سعد بن عبادہ خزرجی، عبد اللہ بن عمرو بن العاص، مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہم وغیرہ سے متعلقہ بعد کے ادوار کے مفسرین، محدثین اور سیرت نگاروں کی کتابوں میں ان کی بہت سی مرویات وضاحت سے مذکور ہیں۔

---

[5] ابن سعد، ابو عبد اللہ محمد بن سعد بن منیع الہاشمی، الطبقات الکبری، دار صادر، بیروت–لبنان، الطبعۃ الاولی، 1968م، ج2، ص371

[6] صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوۃ العشیرۃ او العسیرۃ، ح3949، ج5، ص71

[7] صحیح البخاری، کتاب الجھاد والسیر، باب من حدث بمشاھدہ فی الحرب، ح2824، ج4، ص23

اس کے علاوہ صحابہ کرام کی نظر نہ صرف مغازی پر تھی بلکہ نبی اکرم ﷺ کی سیرت کے دوسرے اہم پہلوؤں پر بھی تھی۔ جیسا کہ ڈاکٹر محمود احمد غازی نے ان صحابہ کرام کا تذکرہ کیا ہے جنہوں نے حضور اکرم ﷺ کے حلیہ مبارک کا تذکرہ کیا ہے، اور کتب حدیث میں ان صحابہ کی روایات بھی موجود ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں:

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، انس بن مالک رضی اللہ عنہ، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، براء بن عازب رضی اللہ عنہ، عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ، جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، معرض بن معیقیب رضی اللہ عنہ، ابو الطفیل رضی اللہ عنہ، عداء بن خالد رضی اللہ عنہ، خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ، حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ، ام معبد رضی اللہ عنہا، ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ وغیرہ وغیرہ[8]۔

ان تمام باتوں سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مطالعہ سیرت بہت ہی وسیع و عریض تھا اور اس پر ان کی گہری نظر تھی، وہ نہ صرف اس کو یاد رکھتے بلکہ آگے لوگوں تک سیرت کی معلومات کو بڑی امانت و دیانتداری سے منتقل کرتے۔ کتب احادیث میں اس کی بے شمار امثلہ موجود ہیں۔

مطالعہ سیرت دورِ صحابہ کے بعد

تابعین کے دور میں بھی سیرت کی بجائے مغازی کا لفظ استعمال ہوتا تھا اور اسی کے نام سے کتب لکھی جاتی تھیں۔ اس دور میں باقاعدہ طور پر سیرت نگاری کا کام کیا گیا۔ اس دور کے مشہور سیرت نگار جنہوں نے مطالعہ سیرت کی خدمات میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا، وہ مندرجہ ذیل ہیں:

عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ (م 94ھ):

عروہ بن زبیر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے اور جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے نواسے تھے۔ اکابر صحابہ فہم مسائل میں عروہ بن زبیر سے رہنمائی لیتے تھے۔ حافظ ابن حجر حمید بن عبدالرحمن بن عوف کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

لقد رایت الاکابر من اصحاب النبي ﷺ وانهم ليسألونه[9]

"میں نے اکابر صحابہ کو عروہ سے مسائل دریافت کرتے دیکھا ہے۔"

عروہ بن زبیر نے مغازی رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے ایک مجموعہ مرتب کیا تھا اور اپنے طلباء کو پڑھایا کرتے تھے۔ علامہ واقدی نے یہ بات کہی ہے:

وهو اول من صنف المغازي[10]

"اور وہی پہلے ہیں جنہوں نے مغازی پر تصنیف لکھی۔"

ڈاکٹر مصطفیٰ اعظمی نے جتنی کتابوں میں جناب عروہ بن زبیر کی روایات ہیں ان کو یکجا کر کے معلومات کا سارا ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔[11]

ابان بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ (م 100ھ):

تابعین میں آپ نے حدیث، فقہ اور مغازی کے عالم کی حیثیت سے شہرت پائی۔ مغازی کے حوالے سے آپ کی ایک تحریر تھی جو کہ مغیرہ بن عبدالرحمان کے پاس موجود تھی اور انہوں نے اسے روایت کیا۔[12]

عاصم بن عمر بن قتادہ رحمۃ اللہ علیہ (م 120ھ):

مطالعہ مغازی اور سیر کے بارے میں کافی معلومات رکھتے تھے۔ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ کا ان کے بارے میں ایک قول نقل کیا ہے

وقال ابن سعد كان رواية للعلم وله علم بالمغازي والسيرة وامره عمر بن عبدالعزيز ان يجلس في مسجد دمشق

---

[8] غازی، محمود احمد، محاضرات سیرت، الفیصل ناشران و تاجران کتب غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور–پاکستان، ص 72–70

[9] العسقلانی، ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر، تہذیب التہذیب، مطبعۃ دائرۃ المعارف النظامیۃ الھند، الطبعۃ الاولیٰ، 1326ھ، ج 7، ص 183

[10] البدایۃ والنھایۃ، ج 9، ص 101

[11] الاعظمی، محمد مصطفیٰ، مغازی رسول اللہ ﷺ، حضرت عروہ بن زبیر اردو ترجمہ محمد سعید الرحمان علوی، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، پاکستان، طبع سوم، جون 2000م

[12] الطبقات الکبریٰ، ج 5، ص 210

فيحدث الناس بالمغازي ومناقب الصحابة ففعل[13]

"اور ابن سعد نے کہا ہے کہ ان کو روایت کا علم تھا اور مغازی وسیرت کا بھی علم تھا، یہی وجہ ہے کہ ان کو عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے مسجد دمشق میں بیٹھ کر لوگوں کو مغازی اور صحابہ کے مناقب بیان کرنے کا حکم دیا، اور انہوں نے یہ کیا۔"

ابن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ (م124ھ):

دور تابعین کے اہم مصنف ابو بکر محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن شہاب زہری مدنی ہیں۔ آپ نے حدیث، تفسیر، فقہ اور سیر ومغازی کی تدوین کے سلسلے میں خاصی شہرت حاصل کی ہے۔ علم مغازی کے مطالعہ کی اہمیت کے سلسلے میں آپ کا یہ قول مشہور ہے:

في علم المغازي علم الدنيا والآخرة[14]

"علم مغازی میں دنیا وآخرت کا علم یکجا ہے۔"

سیرت کے حوالے سے آپ کا مطالعہ بہت ہی وسیع تھا، کہ جس کی گواہی جناب عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اس انداز میں دی:

عليكم بابن شهاب هذا وانكم لا تلقون احدا اعلم بالسنة الماضية منه[15]

"تم پر لازم ہے کہ تم اس ابن شہاب کو لازمی پکڑو کیونکہ ان سے زیادہ ماضی کی سنت کو جاننے والا تم نے نہیں پایا ہو گا۔"

یہی وجہ ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے مغازی کے ذکر میں چالیس سے زائد روایات ابن شہاب زہری کی بیان کی ہیں۔ ان تمام باتوں سے یہ چیز نمایاں ہوتی ہے کہ ابن شہاب زہری مطالعہ سیرت کے حوالے سے تابعین میں نمایاں تھے اور بعد والوں نے ان کے مطالعہ سیرت سے خوب استفادہ کیا۔ ان کے علاوہ مشہور تابعین اور ان کے بعد آنے والے لوگ جنہوں نے مغازی پر کام کیا، ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

وہب بن منبہ (م114ھ)، شرحبیل بن سعد (م123ھ)، یزید بن رومان (م130ھ)، ابو الاسود محمد بن عبد الرحمان بن نوفل (م131ھ)، سلیمان بن طرحان التیمی (م143ھ)، موسیٰ بن عقبی (م141ھ)، محمد بن اسحاق (م151ھ)، معمر بن راشد (م152ھ)، یحیی بن سعید بن ابان (م194ھ)، ابو عبد اللہ محمد بن عمر الواقدی (م207ھ)، عبد الرزاق بن ہمام صنعانی (م211ھ)، علی بن محمد مدائنی (م215ھ)، محمد بن عائذ دمشقی (م233ھ)، عبد الملک بن محمد الرقاشی (م276ھ) وغیرہ[16]

دور تابعین میں بھی مغازی کے پہلو پر زیادہ غور وفکر کیا گیا اور اسی کے حوالے سے کتابیں لکھی گئیں۔ جن میں سے بعض کی کتابیں ہم تک پہنچیں اور بعض نہ پہنچ سکیں۔

مطالعہ سیرت تیسری صدی ہجری سے لے کر عصر حاضر تک

ذیل میں مطالعہ سیرت کے حوالے سے مسلمانوں کی خدمات کا تاریخی تناظر میں جائزہ اور ان کی مشہور کتب سیرت کا مختصر تعارف پیش کیا جائے گا۔

سیرت ابن ہشام[17]:

یہ کتاب مشہور مؤرخ عبد الملک بن ہشام (م218ھ) کی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جامع السیرۃ کتاب ہے۔ مصنف نے بے شمار سیرت کی مباحث کا احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ کتاب دراصل سیرت ابن اسحاق کی تلخیص وتہذیب اور اس کے ساتھ ساتھ گراں قدر اضافے ہیں۔ کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ بعد میں آنے والوں نے اس کی کئی شروحات، منظومات اور تلخیصات لکھیں، اور مختلف

---

[13] تہذیب التہذیب، ج5، ص53

[14] البدایۃ والنھایۃ، ج3، ص242

[15] ابن ابی حاتم، ابو محمد عبد الرحمان بن محمد بن ادریس بن المنذر التمیمی الحنظلی الرازی، الجرح والتعدیل، دار احیاء التراث العربی، بیروت-لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1217ھ-1952م، ج2، ص18

[16] تفصیل کے لئے دیکھیں مصادر سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم، صدیقی، محمد یسین مظہر، دار النوادر، الحمد مارکیٹ اردو بازار، لاہور-پاکستان، ج1، ص20 اور سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم، نعمانی شبلی، ندوی سید سلیمان، مکتبہ اسلامیہ، اردو بازار، لاہور-پاکستان، اکتوبر 2012، ج1، ص47

[17] ابن ہشام، عبد الملک، السیرۃ النبویۃ، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفی البابی الحلبی واولادہ-بمصر، الطبعۃ الثانیۃ، 1375ھ-1955م

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.02 (2025)

زبانوں میں اس کے تراجم لکھے گئے۔

الطبقات الکبریٰ[18]:

سیرت کے حوالے سے محمد بن سعد (م230ھ) کی اہم تصنیف ہے۔اس کتاب میں نبی اکرم ﷺ کی سیرت کے ساتھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے مستند اور مفصل حالات شامل ہیں۔

التاریخ[19]:

یہ کتاب خلیفہ بن خیاط عصفری (م240ھ) کی ہے۔ ان کا شمار عظیم ترین مؤرخوں میں ہوتا ہے۔انہوں نے اپنی کتاب "التاریخ" میں زمانہ نبوی کے واقعات ومہمات کو بیان کیا ہے۔

کتاب المحبر[20]، کتاب المنمق فی اخبار قریش[21]:

یہ دونوں کتابیں علامہ محمد بن حبیب بغدادی (م245ھ) کی تصنیف کردہ ہیں، دونوں تصانیف سیرت نبوی اور تاریخ اسلامی کا مواد رکھتی ہیں۔

المعارف[22]:

ابن قتیبہ نے اپنی اس کتاب میں مختلف انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے واقعات سیرت کو مختلف عناوین کے ذریعے فہرستی مواد کی شکل میں جمع کیا ہے۔آپ کے اس کارہائے نمایاں کے بارے میں محمد یسین مظہر صدیقی لکھتے ہیں:

"سیرت نگاری کا ایک رجحان فہرست سیرت نگاری کا ہے جن میں واقعات سیرت اور سوانح حیات مختلف عناوین کے تحت فہرستی مواد کی شکل میں جمع کر دیا جاتا تھا، جس کا فائدہ یہ ہوتا تھا کہ پوری سیرت نبوی کا خاکہ قاری کو ایک ہی نگاہ میں سمجھ آجائے۔ ابن قتیبہ اس اہم رجحان کے عظیم مؤلف ہیں۔"[23]

ابن قتیبہ دینوری (م270ھ) اپنی کتاب میں فہرست بندی کے ذریعے سے مختلف انبیاء کی سیرتوں کا تذکرہ کرتے ہیں۔ الفہرست ابن الندیم کے مطابق آپ کی ایک اور کتاب سیرت کے اہم موضوع پر ہے جس کا نام "الدلائل النبوۃ"[24] ہے۔

انساب الاشراف[25]:

یہ کتاب ابو الحسن احمد بن یحیی بن جابر بن داؤد البلاذری (م270ھ) کی تصنیف کردہ ہے۔علامہ بلاذری تیسری صدی ہجری کے نامور عرب مؤرخ، جغرافیہ دان، شاعر اور ماہر الانساب تھے۔بلاذری کی یہ عظیم وضخیم کتاب کئی جلدوں پر مشتمل ہے، اور اس کتاب کا اولین حصہ مکمل سیرت نبوی ﷺ کا جامع بیان پیش کرتی ہے۔

الشمائل المحمدیہ[26]:

یہ کتاب امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ (م279ھ) کی تصنیف کردہ ہے۔ امام ترمذی کو حلیہ اور شمائل نبوی ﷺ کے متعلقہ روایات بیان کرنے میں محدثین کے ہاں امامت کا درجہ حاصل ہے۔ شمائل سیرت نبوی ﷺ کی ایک اہم جہت ہے جس پر امام صاحب نے قلم اٹھایا۔

---

[18] ابن سعد، ابو عبداللہ محمد بن سعد بن منیع الہاشمی بالولاء البصری، الطبقات الکبریٰ، دار صادر، بیروت–لبنان، الطبعۃ الاولی، 1968م

[19] عصفری، خلیفہ بن خیاط، التاریخ، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت–لبنان، الطبعۃ الثانیۃ، 1397م

[20] بغدادی، ابو جعفر محمد بن حبیب بن امیہ بن عمرو الہاشمی، کتاب المحبر، دائرۃ المعارف العثمانیۃ حیدرآباد–دکن، الہند، 1361ھ–1942م

[21] ایضاً، کتاب المنمق فی اخبار قریش، مکتبۃ عالم الکتاب، بیروت–لبنان، الطبعۃ الاولی، 1405ھ–1985م

[22] الدینوری، ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ، المعارف، الہیئۃ المصریۃ العامۃ للکتاب، القاہرہ–مصر، الطبعۃ الثانیۃ، 1992م

[23] مصادر سیرت النبی ﷺ، ج1، ص 241

[24] ابو الفرج، محمد بن اسحاق بن محمد الوراق البغدادی المعتزلی الشیعی المعروف بابن الندیم، الفہرست، دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر، بیروت–لبنان، الطبعۃ الثانیۃ، 1417ھ–1997م، ص105

[25] البلاذری، ابو الحسن احمد بن یحیی بن جابر بن داؤد، انساب الاشراف، دار الفکر، بیروت–لبنان، الطبعۃ الاولی، 1417ھ–1996م

[26] الترمذی، ابو عیسی محمد بن عیسی بن سورہ بن موسیٰ بن الضحاک، الشمائل المحمدیہ، دار احیاء التراث العربی، بیروت–لبنان

تاریخ الرسل والملوک[27]:

یہ کتاب امام طبری (م310ھ) کی شہرہ آفاق کتاب ہے۔ امام طبری ان عظیم ترین مصنفوں میں سے ہیں جنھوں نے تمام علوم وفنون میں خاصہ ملکہ حاصل کیا۔ علوم القرآن، علوم الحدیث، علوم فقہ، تاریخ وسیرت اور دیگر علوم میں انہوں نے بے شمار کتابیں لکھیں۔ ان کی یہ کتاب عالمی اسلامی تاریخ پر ہے، جس میں سے کچھ حصہ نبی اکرم ﷺ کی سیرت پر مشتمل ہے۔

تاریخ الیعقوبی[28]:

یعقوبی (م315ھ) مؤرخ اور جغرافیہ دان تھے۔ ان کی تاریخی کتابوں میں سب سے زیادہ شہرت ان کی "تاریخ" کی ہے، جو کہ ان کے نام سے ہی معروف ہے "تاریخ الیعقوبی"۔ کتاب کا کچھ حصہ نبی اکرم ﷺ کی سیرت پر مشتمل ہے۔ مصنف کی اس کتاب میں کافی حد تک شیعی افکار ونظریات کی جھلک نمایاں ہے۔

کتاب البدء والتاریخ[29]:

مطہر بن طاہر مقدسی (م355ھ) کی یہ کتاب عالمی تاریخ اسلامی پر مشتمل ہے، اور اس کا کچھ حصہ سیرت النبی ﷺ پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کے مصنفین میں اختلاف ہے، بعض نے اس کتاب کو ابو زید احمد سہیل بلخی (م322ھ) کی تصنیف قرار دیا ہے۔

مروج الذھب ومعادن الجوھر[30]:

علامہ مسعودی (م345ھ) کی شہرت مسلم مؤرخ، جغرافیہ دان اور سیاح ہونے کی حیثیت سے ہے۔ مصنف نے اپنی اس کتاب میں سیرت النبی ﷺ، خلفاء الراشدین، بنو امیہ، بنو عباس کے دور خلافت کی تاریخ کے ساتھ ساتھ تاریخ عالم میں ظاہر ہونے والی اقوام وملل اور حکومتوں کے معاشرتی اور ثقافتی حالات کا جائزہ لیا ہے۔

الثقاۃ[31]:

امام ابن حبان (م354ھ) نے اپنی اس کتاب میں نبی ﷺ کی سیرت اور ثقات راویوں کا تذکرہ کیا ہے۔ کتاب کی ابتداء نبی ﷺ سے کی ہے۔ آپ کی مکی اور مدنی زندگی کے حالات کا جائزہ لیا ہے۔

اخلاق النبی وآدابہ[32]:

ابو شیخ اصبہانی (م369ھ) نے اپنی اس کتاب میں موضوعاتی سیرت نگاری کا طریقہ کار منتخب کیا ہے۔ اور نبی اکرم ﷺ کی عادات کو اپنی اس کتاب کی زینت بنایا ہے۔

دلائل النبوۃ[33]:

امام ابو نعیم (م430ھ) نے اپنی کتاب میں حضور ﷺ کے فضائل وخصائص، نبوت ومعجزات کے دلائل اور ولادت سے لے کر وفات تک کے حالات کا تذکرہ کیا ہے۔

جوامع السیرۃ النبویۃ[34]:

امام ابن حزم (م456ھ) کی "جوامع السیرۃ" سیرت کی کتابوں میں بلند مقام رکھتی ہے۔ آپ کی یہ کتاب صرف سیرتی مواد پر ہی مشتمل نہیں

---

[27] الطبری، ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید بن کثیر بن غالب الآملی، تاریخ الرسل والملوک، دار التراث، بیروت–لبنان، الطبعۃ الثانیۃ، 1387ھ

[28] یعقوبی، احمد بن ابی یعقوب بن جعفر بن وہب بن واضح، تاریخ الیعقوبی، دار صادر، بیروت–لبنان، 1960م

[29] مقدسی، مطہر بن طاہر، کتاب البدء والتاریخ، مکتبۃ الثقافیۃ الدینیۃ القاہرۃ–مصر

[30] المسعودی، ابو الحسن علی بن حسین بن علی، مروج الذھب ومعادن الجوھر، دار الکتب العلمیۃ، بیروت–لبنان

[31] البستی، محمد بن حبان بن احمد بن حبان بن معاذ بن معبد التمیمی، الثقاۃ، دائرۃ المعارف العثمانیۃ حیدر آباد–دکن، الھند، الطبعۃ الاولیٰ، 1393ھ–1973م

[32] الاصبہانی، ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن جعفر بن حیان الانصاری المعروف بابی الشیخ، اخلاق النبی وآدابہ، دار المسلم للنشر والتوزیع، الریاض–المملکۃ العربیۃ السعودیۃ، الطبعۃ الاولی، 1998م

[33] اصبہانی، ابو نعیم احمد بن عبد اللہ بن احمد بن اسحاق بن موسی بن مہران، دلائل النبوۃ، دار النفائس، بیروت–لبنان، الطبعۃ الثانیۃ، 1406ھ–1986م

[34] الظاہری، ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی القرطبی، جوامع السیرۃ النبویۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت–لبنان

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.02 (2025)

بلکہ اپنی اس کتاب کے ذریعے سنت کی آئینی حیثیت اور اسوہ نبوی ﷺ کی اتباع کو لوگوں میں منتقل کرنا چاہتے تھے۔

دلائل النبوۃ و معرفۃ احوال صاحب الشریعۃ[35]:

امام بیہقی (م 458ھ) نے اپنی اس کتاب میں سیرت کے حوالے سے انتہائی اہم معلومات کا احاطہ کیا ہے۔ آپ ﷺ کے معجزات، نبوت کے دلائل، اسماء وصفات، غزوات، شمائل وغیرہ پر بحث کی ہے۔

الدرر فی اختصار المغازی والسیر[36]:

یہ کتاب ابن عبد البر (463ھ) کی تصنیف ہے۔ ابن عبد البر "حافظ مغرب" کے لقب سے مشہور تھے۔ علوم وفنون میں بے شمار کتابیں تحریر کیں۔ اپنی اس کتاب میں مغازی اور سیرت کی مختلف ابحاث کا احاطہ کیا ہے۔ جبکہ آپ ﷺ کی زندگی کے کچھ واقعات اپنی دوسری کتاب "الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب" میں بیان فرمائے ہیں۔

الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ[37]:

یہ کتاب قاضی عیاض (م 544ھ) کی شہرہ آفاق کتاب ہے۔ اس کتاب کی خصوصیت دیگر کتب سیرت سے منفرد ہے۔ سیرت کی مختلف ابحاث کے ساتھ ساتھ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام، قرآن ومصحف، اہل بیت اور اصحاب رسول ﷺ پر سب وشتم کے احکام بیان کئے ہیں۔

تاریخ دمشق[38]:

حافظ ابن عساکر (م 571ھ) نے اپنی اس ضخیم کتاب میں ان شخصیات کی تفصیلات مہیا کی ہیں جو کسی وقت دمشق کی تھیں۔ لیکن کتاب کا کچھ حصہ سیرت النبی ﷺ پر مشتمل ہے۔

الانوار فی شمائل النبی المختار[39]:

امام بغوی (م 516ھ) کی یہ کتاب شمائل نبوی پر ہے۔ جس میں آپ ﷺ کے معمولات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

الروض الانف[40]:

امام سہیلی (م 581ھ) کی یہ کتاب ابن ہشام کی السیرۃ النبویۃ کی شرح ہے۔ محمد یٰسین مظہر صدیقی اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> "امام سہیلی کی "الروض الانف" صرف ابن ہشام کی سیرت کی شرح نہیں بلکہ اسلامی علوم وفنون کا دائرۃ المعارف ہے، جو تفسیر، حدیث، فقہ، کلام، سیرت اور تاریخ وادب ولغت کے بارے میں بہت قیمتی معلومات فراہم کرتا ہے۔ جہاں تک سیرت کے واقعات کا تعلق ہے تو وہ بہت سی نئی معلومات میں اضافی کرکے سیرت فہمی میں اضافہ کرتا ہے اور سیرت نگاری کی جہات کو وسیع کرتا ہے۔"[41]

الوفا باحوال المصطفیٰ[42]:

امام ابن الجوزی (597ھ) کا شمار ان لوگوں میں ہے جنہوں نے علوم وفنون میں بے شمار کتب لکھیں۔ سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے آپ کی یہ کتاب نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔

---

[35] البیہقی، ابو بکر احمد بن الحسین بن علی بن موسی الخسروجردی الخراسانی، دلائل النبوۃ ومعرفۃ احوال صاحب الشریعۃ، دار الکتب العلمیۃ بیروت–لبنان

[36] القرطبی، ابو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد بن عبد البر بن عاصم النمری، الدرر فی اختصار المغازی والسیر، دار المعارف القاہرۃ- مصر، الطبعۃ الثانیۃ، 1403ھ

[37] الیحصبی، ابو الفضل القاضی عیاض بن موسی، الشفا بتعریف حقوق المصطفی، دار الفکر للطباعۃ والنظر والتوزیع، بیروت–لبنان، 1409ھ–1988م

[38] ابن عساکر، ابو القاسم علی بن الحسن بن ہبۃ اللہ، تاریخ دمشق، دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع بیروت–لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1419ھ–1998م

[39] البغوی، محی السنۃ ابو محمد الحسین بن مسعاد بن محمد بن الفراء الشافعی، الانوار فی شمائل النبی المختار، دار المکتبی دمشق، الطبعۃ الاولیٰ، 1416ھ–1995م

[40] السہیلی، ابو القاسم عبد الرحمان بن عبد اللہ بن احمد، الروض الانف فی شرح السیرۃ النبویۃ لابن ہشام، دار احیاء التراث العربی بیروت–لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1421ھ

[41] مصادر سیرت نبوی ﷺ، ج 1، ص 525

[42] الجوزی، جمال الدین ابو الفرج عبد الرحمان بن علی بن محمد، الوفا باحوال المصطفیٰ، المؤسسۃ السعیدیۃ الریاض- المملکۃ العربیۃ السعودیۃ

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.02 (2025)

سیرت النبی ﷺ واصحابہ عشرة[43]:

حافظ عبدالغنی مقدسی (م 600ھ) نے فن سیرت کو بڑھانے کے لئے اپنی اس کتاب میں سیرت کو ایک نئی جہت دی۔ نبی اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ کا ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ عشرہ مبشرہ کی سوانح کو اس کتاب میں بیان کیا۔

ابن الاثیر الشیبانی (م630ھ) کی عالمی اسلامی تاریخ پر کتاب "الکامل فی التاریخ"[44] میں سیرت طیبہ کا عظیم حصہ ہے۔ امام محب الدین الطبری (694ھ) کی "خلاصۃ السیر فی احوال سید البشر"[45]، امام نویری (م 733ھ) کی "نھایۃ الارب فی فنون الادب"[46] میں عہد نبوی کی تاریخ اور اس کے ساتھ ساتھ انبیاء و گذشتہ امتوں کے حالات و واقعات کی تاریخ بیان کرتی ہے، ابن سید الناس (م734ھ) کی "عیون الاثر فی فنون المغازی والشمائل والسیر"[47] سیرت النبی ﷺ پر تصنیف ہے اور امام صاحب نے خود ہی اپنی اس کتاب کی تلخیص بھی کی ہے جس کا نام "نور العیون فی تلخیص سیرۃ الامین المامون"[48] ہے، علامہ ذھبی (م748ھ) کی "السیرۃ النبویۃ"[49] جو کہ سیر اعلام النبلاء کا ہی حصہ ہے، ابن القیم (م 751ھ) کی سیرت پر کتاب "زاد المعاد فی ھدی خیر العباد"[50] جو کہ نبی اکرم ﷺ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ سیرت کے عملی پہلو کو بھی اجاگر کرتی ہے، ابن کثیر (م774ھ) کی "الفصول فی السیرۃ"[51] اور "السیرۃ النبویۃ"[52] سیرت پر تصانیف ہیں السیرۃ النبویۃ ابن کثیر کی البدایۃ والنھایۃ کا جزو ہے، حافظ عراقی (م806ھ) کی "الفیۃ السیرۃ النبویۃ- نظم الدرر السنیۃ الزکیۃ"[53] جو کہ نبی کریم ﷺ کی سیرت پر منظوم صورت میں لکھی گئی ہے، ابن خلدون (م 808ھ) کی "تاریخ ابن خلدون"[54] میں بھی سیرت کا کچھ حصہ ہے، علامہ مقریزی (م845ھ) کی سیرت پر "امتاع الاسماع بما للنبی من الاحوال والاموال والحفدۃ والمتاع"[55]، یحیٰ بن ابی بکر العامری (م893ھ) کی سیرت پر کتاب "بھجۃ المحافل وبغیۃ الاماثل فی تلخیص المعجزات والسیر والشمائل"[56]، علامہ سیوطی (م 911ھ) کی "الخصائص الکبری"[57]، علامہ قسطلانی (م923ھ) کی "المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ"[58]، محمد بن یوسف الصالحی الشامی (م942ھ) کی "سبل الھدیٰ والرشاد فی

---

[43] المقدسی، ابو محمد تقی الدین بن عبد الغنی بن عبد الواحد بن سرور الجماعیلی الدمشقی الحنبلی، سیرۃ النبی ﷺ واصحابہ عشرۃ، دار الجنان بیروت-لبنان، 1406ھ-1986م

[44] ابن الاثیر، ابو الحسن عز الدین علی بن ابی الکرم محمد بن محمد بن عبد الکریم بن عبد الواحد الشیبانی الجزری، الکامل فی التاریخ، دار الکتاب العربی، بیروت-لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1417ھ-1997م

[45] الطبری، ابو العباس احمد بن عبد اللہ بن محمد بن محب الدین، خلاصۃ السیر فی احوال سید البشر، نزار مصطفیٰ الباز، مکۃ المکرمۃ-المملکۃ العربیۃ السعودیۃ، الطبعۃ الاولیٰ، 1418ھ-1997م

[46] نویری، شھاب الدین احمد بن عبد الوھاب، نھایۃ الارب فی فنون الادب، دار الکتب العلمیۃ، بیروت-لبنان، 1424ھ-2004م

[47] ابن سید الناس، ابو الفتح فتح الدین محمد بن محمد بن محمد بن احمد الیعمری الربعی، عیون الاثر فی فنون المغازی والشمائل والسیر، دار القلم، بیروت-لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1414ھ-1993م

[48] ابن سید الناس، نور العیون فی تلخیص سیرۃ الامین المامون، دار النوادر، لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1429ھ-2008م

[49] الذھبی، شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن عثمان بن قایماز، السیرۃ النبویۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت-لبنان، 4 مارچ 2019م

[50] ابن القیم الجوزیۃ، محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد شمس الدین، زاد المعاد فی ھدی خیر العباد، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت-لبنان، مکتبۃ المنار الاسلامیہ، الکویت، الطبعۃ السابعۃ والعشرون، 1415ھ-1994م

[51] ابن کثیر، ابو الفدآء اسماعیل بن عمر القرشی البصری الدمشقی، الفصول فی السیرۃ، مؤسسۃ علوم القرآن، بیروت-لبنان، الطبعۃ الثالثۃ، 1403ھ

[52] ابن کثیر، السیرۃ النبویہ ﷺ، دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر والتوزیع، بیروت-لبنان، 1395ھ-1976م

[53] العراقی، ابو الفضل زین الدین عبد الرحیم بن الحسین بن عبد الرحمان بن ابی بکر بن ابراہیم، الفیۃ السیرۃ النبویۃ- نظم الدرر السنیۃ الزکیۃ، دار المنھاج، بیروت-لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1426ھ

[54] ابن خلدون، ابو زید عبد الرحمان بن محمد بن محمد ولی الدین الحضرمی الاشبیلی، العبر و دیوان المبتدإ والخبر فی ایام العرب والبربر و من عاصرھم من ذوی السلطان الاکبر، دار الفکر، بیروت-لبنان، الطبعۃ الثانیۃ، 1408ھ-1988م

[55] المقریزی، تقی الدین ابو العباس احمد بن علی بن عبد القادر، امتاع الاسماع بما للنبی من الاحوال والاموال والحفدۃ والمتاع، دار الکتب العلمیۃ، بیروت-لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1420ھ-1999م

[56] العامری، یحیٰ بن ابی بکر بن محمد بن یحیٰ الحرضی، بھجۃ المحافل وبغیۃ الاماثل فی تلخیص المعجزات والسیر والشمائل، دار صادر، بیروت-لبنان

[57] السیوطی، عبد الرحمان بن ابی بکر جلال الدین، الخصائص الکبریٰ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت-لبنان

[58] القسطلانی، ابو العباس شھاب الدین احمد بن محمد بن ابی بکر بن عبد الملک العتیبی المصری، المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ، المکتبۃ التوفیقیۃ، القاھرۃ-مصر

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
Vol.03 No.02 (2025)

سیرۃ خیر العباد وذکر فضائلہ واعلام نبوتہ وافعالہ فی المبدإِ والمعاد "[59] سیرت پر جامع و مفصل کتاب ہے اور جمیع ابواب سیرت کا احاطہ کیا گیا ہے، ابن الدیبع الشیبانی (م 944ھ) کی " حدائق الانوار ومطالع الاسرار فی سیرۃ النبی المختار وعلی الہ المصطفین الاخیار ﷺ"[60]، علامہ مناوی (م 1031ھ) نے حافظ عراقی کی سیرت پر الفیہ کی دو شرحیں لکھیں " الفتوحات السبحانیۃ فی شرح نظم الدرر السنیۃ فی السیر الزکیۃ"[61] " العجالۃ السنیۃ علی الفیۃ السیرۃ النبویۃ"[62] اس کے علاوہ آپ نے امام ترمذی کی شمائل کی شرح " الروض الباسم فی شمائل المصطفیٰ ابی القاسم "[63] بھی لکھی، علامہ حلبی (م 1044ھ) کی سیرت پر اہم کتاب کا نام " انسان العیون فی سیرۃ الامین المامون "[64] جو کہ السیرۃ الحلبیۃ کے نام سے مشہور ہے، علامہ زرقانی (م 1122ھ) کی سیرت پر کتاب " شرح الزرقانی علی المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ "[65] جو کہ علامہ قسطلانی کی المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ کی ضخیم شرح ہے، علامہ الفاسی (م 1132ھ) کی سیرت پر کتاب " مستعذب الاخبار باطیب الاخبار "[66]، محمد بن عبد الوہاب (م 1206ھ) کی " مختصر سیرۃ الرسول ﷺ "[67]

ان کے علاوہ اردو زبان میں اہم کتب سیرۃ جن میں قاضی سلیمان (م 1930ء) کی " رحمۃ للعالمین "[68]، علامہ شبلی نعمانی (م 1914ء) اور سید سلیمان ندوی (م 1953ء) کی " سیرۃ النبی ﷺ "[69]، ابو الاعلیٰ مودودی (م 1979ء) کی " سیرت سرور دو عالم "[70]، پیر کرم شاہ الازھری (م 1998ء) کی " ضیاء النبی ﷺ "[71]، مولانا صفی الرحمان مبارکپوری (م 2006ء) کی " الرحیق المختوم "[72]

ان کے علاوہ مختلف زبانوں میں لکھی گئی ایسی بے شمار کتب سیرت جن کا اردو زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اردو زبان میں ایسی کتب سیرت بھی موجود ہیں جو موضوعاتی کتب کہلاتی ہیں۔ یعنی سیرت کے کسی نا کسی پہلو پر کتابیں موجود ہیں اور یہ اردو زبان کا ہی خاصہ ہے، شاید ہی کسی دوسری زبان میں اس قدر تفصیلی کام ہوا ہو۔ ذیل میں کچھ کتابوں کا تذکرہ کیا جا رہا ہے جو سیرت کے کسی نا کسی پہلو کا احاطہ کر رہی ہیں، جس سے ہم مسلم مؤرخین کے مطالعہ سیرت کی گہری وسعت کو سمجھ سکتے ہیں۔

موضوعاتی کتب سیرت اور ان کے مصنفین

- رسول اللہ ﷺ کی سیاسی زندگی [73]
- فصاحت نبوی ﷺ [74]

---

[59] الشامی، محمد بن یوسف الصالحی، سبل الھدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد وذکر فضائلہ واعلام نبوتہ وافعالہ فی المبدإِ والمعاد، دار الکتب العلمیۃ، بیروت - لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1414ھ - 1993م

[60] ابن الدیبع الشیبانی، وجیہ الدین عبد الرحمان بن علی بن محمد الشافعی، المکتبۃ المکیۃ، مکۃ المکرمۃ - المملکۃ العربیۃ السعودیۃ، الطبعۃ الثانیۃ، 1413ھ - 1993م

[61] المناوی، زین الدین محمد عبد الرؤف بن تاج العارفین بن علی القاھری الشافعی، الفتوحات السبحانیۃ فی شرح نظم الدرر السنیۃ فی السیر الزکیۃ، دار ابن حزم، بیروت - لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1435ھ

[62] المناوی، العجالۃ السنیۃ علی الفیۃ السیرۃ النبویۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت - لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1424ھ - 2004م

[63] المناوی، الروض الباسم فی شمائل المصطفیٰ ابی القاسم، دار البشائر، دمشق، 2000م

[64] حلبی، ابو الفرج نور الدین ابن برھان الدین علی بن ابراھیم بن احمد، انسان العیون فی سیرۃ الامین المامون، دار الکتب العلمیۃ، بیروت - لبنان، الطبعۃ الثانیۃ، 1427ھ

[65] الزرقانی، ابو عبد اللہ محمد بن عبد الباقی بن یوسف بن احمد بن شھاب الدین بن محمد المالکی، شرح الزرقانی علی المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت - لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1417ھ - 1996م

[66] الفاسی، ابو مدین بن احمد بن محمد بن عبد القادر بن علی، مستعذب الاخبار باطیب الاخبار، دار الکتب العلمیۃ، بیروت - لبنان، الطبعۃ الاولیٰ، 1425ھ - 2004م

[67] النجدی، محمد بن عبد الوھاب بن سلیمان التمیمی، مختصر سیرۃ الرسول ﷺ، وزارۃ الشؤون الاسلامیۃ والاوقاف والدعوۃ والارشاد، المملکۃ العربیۃ السعودیۃ، الطبعۃ الاولیٰ، 1418ھ

[68] منصور پوری، قاضی محمد سلیمان سلمان، رحمۃ للعالمین، دار الاشاعت اردو بازار، کراچی، پاکستان

[69] نعمانی، شبلی، ندوی، سید سلیمان، سیرۃ النبی ﷺ، مکتبہ اسلامیہ، لاہور، پاکستان، اکتوبر 2012ء

[70] مودودی، سید ابو الاعلیٰ، سیرت سرور دو عالم، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، پاکستان، طبعہ پنجم، 1409ھ - 1989ء

[71] الازھری، پیر محمد کرم شاہ، ضیاء النبی ﷺ، ضیاء القرآن پبلیکیشنز گنج بخش روڈ، لاہور، پاکستان، ذوالقعدہ 1418ھ

[72] مبارکپوری، صفی الرحمان، الرحیق المختوم، المکتبہ السلفیہ شیش محل روڈ، لاہور، پاکستان

[73] حمید اللہ، ڈاکٹر محمد، رسول اللہ ﷺ کی سیاسی زندگی، دار الاشاعت کراچی، پاکستان، 2003ء

[74] اظہر، ڈاکٹر ظہور احمد، فصاحت نبوی ﷺ، اسلامک پبلیکیشنز، لاہور، پاکستان، 1983ء

- سیرت وسفارت رسول اللہ ﷺ[75]
- نبی اکرم ﷺ بحیثیت معلم[76]
- نبی اکرم ﷺ بطور ماہر نفسیات[77]
- خطبات رسول ﷺ[78]
- آنحضرت ﷺ کی تعلیمی جدوجہد[79]
- آپ ﷺ کا حج[80]
- اخلاق پیغمبری[81]
- بلاغ مبین یعنی مکاتیب سید المرسلین[82]
- جلال نبوی ﷺ[83]
- جمال مصطفیٰ ﷺ[84]
